Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIIIS-N 1802 B-2K13

## M.A. IIIrd Semester Degree Examination

## URDU

## (Tanqeed, Usool-o-Nazariyat)

## Paper : HC-3.1

## (New)

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) بقول ٹی۔ایس۔ایلیٹ، ''تنقید ادب کے لئے اتنی ہی ضروری ہے جتنی زندگی کے لئے سانس'' اس قول کی توضیح کیجیے۔

یا

تنقید کی تعریف کرتے ہوئے یہ واضح کیجیے کہ ایک نقاد کو کن اوصاف سے متصف ہونا چاہئے۔

سوال نمبر(2) کہا جاتا ہے کہ تنقید کے اولین نقوش تذکروں میں پائے جاتے ہیں، اگر یہ درست ہے تو کیا ادب میں اس کی اہمیت ہے؟ واضح کیجیے۔

یا

اردو تنقید کی بنیاد جن علوم پر رکھی گئی ہے وہ کیا ہیں تفصل سے لکھئے۔

سوال نمبر(3) واضح کیجیے کہ سرسید تحریک نے اردو تنقید پر کیا اثرات مرتسم کئے۔

یا

بتائیے کہ مقدمہ شعر و شاعری کو اردو تنقید کا منشور کیوں کہا گیا؟

سوال نمبر(4) دبستان نقد میں اسلوبیاتی تنقید کی اہمیت واضح کیجیے۔

یا

مارکسی تنقید کے نمائندہ نقادوں میں سے کسی ایک پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال نمبر(5) پروفیسر آل احمد سرور کے تنقیدی افکار پر روشنی ڈالئے۔

یا

مولانا حالی کے نظریہ نقد و انتقاد کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIIIS-N 1803 B-2K13
## M.A. IIIrd Semester Degree Examination
## URDU
## (Urdu Gazal)
## Paper :HC-3.2
## (New)

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) غزل کی تعریف کرتے ہوئے ادب میں اس کی روایت پر روشنی ڈالئے۔

یا

غزل کے فن پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس کے موضوعات کا احاطہ کیجیے۔

سوال نمبر(2) سراج اورنگ آبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

واضح کیجیے کہ ولی کو اردو غزل کا باوا آدم کیوں کہا گیا۔

سوال نمبر(3) غزل کے حوالے سے میر کی آفاقیت واضح کیجیے۔

یا

غزل کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

سوال نمبر(4) اردو غزل کے عناصر اربعہ میں حسرت موہانی کی انفرادیت واضح کیجیے۔

یا

وہ کونسی وجوہات تھیں کہ ترقی پسندوں نے غزل کی مخالفت کی؟

سوال نمبر(5) کوئی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) | ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی | چاہتے ہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا |
| ۲) | مجھ سے اغیار کوئی آنکھ ملا سکتے ہیں | منہ تو دیکھو وہ میرے سامنے آسکتے ہیں |
| ۳) | جی ڈھونڈتا ہے گھر کوئی دونوں جہاں سے دور | اس آپ کی زمیں سے الگ آسماں سے دور |
| ۴) | ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے | بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے |
| ۵) | بڑھ گئیں تم سے مل کر اور بھی بے تابیاں | ہم یہ سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا |
| ۶) | وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا | وہ بات ان کو بہت ناگوار گذری ہے |

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIIIS-N 1804 B-2K13

## M.A. IIIrd Semester Degree Examination
## URDU
## (Hyderabad Karnataka ka Adab)
## Paper : HC-3.3
## (New)

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) حیدرآباد کرناٹک کے تاریخی اور ادبی پس منظر کا جائزہ پیش کیجیے۔

یا

"سلیمان خطیب کی شاعری نہ صرف اپنے دور کی عکاسی کرتی ہے بلکہ اس ماحول اور علاقے کی نمائندگی بھی کرتی ہے"۔
اس قول کی توضیح کیجیے۔

سوال نمبر(2) حیدرآباد کرناٹک میں اردو نظم کی روایت پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

حیدرآباد کرناٹک سے وابستہ غزل گو شعراء کا تعارف کرائیے۔

سوال نمبر(3) اردو افسانہ کے تدریجی ارتقاء میں حیدرآباد کرناٹک کا کیا رول رہا بیان کیجیے۔

یا

حیدرآباد کرناٹک کے افسانوی ادب کی سمت و رفتار کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر(4) حیدرآباد کرناٹک میں اردو صحافت نگاری پر روشنی ڈالیے۔

یا

طیب انصاری کی تنقید نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال نمبر(5) کوئی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

۱) وہاب عندلیب بحیثیت خاکہ نگار

۲) مجیب الرحمٰن بحیثیت تنقید نگار

۳) مجتبیٰ حسین بحیثیت طنز و مزاح نگار

۴) حمید سہروردی بحیثیت افسانہ نگار

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIIIS-N 1805 B-2K13

## M.A. IIIrd Semester Degree Examination

## URDU

## (Dr. Mohammed Iqbal)

## Paper :SC-3.1

## (New)

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر (1) عہد اقبال کی ادبی اور تہذیبی صورتِ حال پر روشنی ڈالیے۔

یا

علامہ اقبال کے فکری سرچشموں پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال نمبر (2) کلام اقبال کی شعری خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

اس شعر کی وضاحت کیجیے۔

"تو نے یہ کیا غضب کیا مجھ کو بھی فاش کر دیا

میں ہی تو ایک راز تھا، سینۂ کائنات میں"

سوال نمبر (3) "بالِ جبریل" کا مطالعہ پیش کیجیے۔

یا

نظم "مسجد قرطبہ" کا تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر (4) علامہ اقبال کے اہم تصورات کا تعارف ان کے اشعار کے ساتھ کروائیے۔

یا

علامہ اقبال کے "فلسفۂ خودی" پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

سوال نمبر (5) اردو مکتوب نگاری میں خطوطِ اقبال کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

یا

خطوطِ اقبال کا تہذیبی مطالعہ پیش کیجیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5]  [Total No. of Printed Pages-2

# PGIIIS-N 1807 B-2K13
## M.A. IIIrd Semester Degree Examination
## URDU
## (Urdu Afsana)
## Paper OE-3.2
## (New)

*Time Allowed-3Hours*  *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

**Answer All questions All question carryi equal marks.**

سوال نمبر(1) اردو افسانہ کے معنی و مفہوم کی وضاحت کیجیے۔

**Q.1) Define Explain the meaning of Urdu Afsana (Short Story)**

**(OR)** یا

اردو افسانہ کے ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

**Write about the Development of Urdu Afsana.**

سوال نمبر(2) پریم چند کے حیات کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔

**Q.2) Enlight the important evants of Munshi Prem Chand's Life.**

**(OR)** یا

افسانہ "قاتل کی ماں" کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

**Explain the Central Idia of Short Story "Qatil ki Maa"**

سوال نمبر(3) کرشن چندر کی زندگی کے اہم واقعات پر روشنی ڈالیے۔

**Q.3) Explain the some important events of Life of Krishan Chander.**

**(OR)** یا

"مہالکشمی کا پل" کی روشنی میں کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

**Define the main features of Krishan Chandar's short story**

**"Maha Laxmi ka Pul"**

سوال نمبر(4) راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

Q.4) Write a brief note on Rajinder Singh Bedi's short stories.

(OR) یا

افسانہ "بھولا" کے حوالے سے بتائیے کہ کیا بیدی کو بچوں کی نفسیات پر مکمل عبور تھا؟

Q.5) Whether Rajinder Singh Bedi Commands over child psychology" with reference to short story "Bhola"

سوال نمبر(5) کوئی دو پر نوٹ لکھیے۔

Q.5) Write shot notes on any two:

| | |
|---|---|
| 1) Vinod | ۱) ونود |
| 2) Plot | ۲) افسانہ کا پلاٹ |
| 3) Bhola | ۳) بھولا |
| 4) Dialog | ۴) مکالمہ نگاری |

☆☆☆